

# سیماؔب اکبرآبادی

(1880–1925)

عاشق حسین سیماؔب آگرہ میں پیدا ہوئے۔ ایف اے تک ابھی تعلیم مکمل نہ ہوئی تھی کہ والد کا انتقال ہوگیا۔1897 میں تعلیم چھوڑنی پڑی ۔شاعری کا شوق فطری تھا۔سیماؔب امتحان کے پرچوں میں فارسی اشعار کا ترجمہ بلا تکلف اردو اشعار میں کردیتے تھے۔ سیماؔب داؔغ کے شاگرد تھے۔ ان کی شاعری بلند خیالات اور انسانی جذبات کی ترجمان ہے۔ کانپور میں کچھ عرصے ملازم رہے۔ بعد میں استعفیٰ دے کر آگرہ میں اپنا ادارہ 'قصرالادب' قائم کیا۔ سیکڑوں نوجوان ان کے شاگرد ہوئے ۔ سیماؔب کے کلام کے کئی مجموعے شائع ہوچکے ہیں۔ کارِامروز، حکیم عجم، پیامِ فرداوغیرہ ان کے اہم مجموعے ہیں۔

انھوں نے ایک ادبی ماہنامہ 'شاعر' کا بھی اجرا کیا جواب تک جاری ہے۔

© NCERT not to be republished

5188CH18

# میں ملک میں لکھ پڑھ کے بہت نام کروں گا

میں ملک کی خدمت سحر وشام کروں گا
کاہل نہ بنوں گا نہ میں آرام کروں گا
جس کام میں بہبود ہو وہ کام کروں گا
ہر کام غرض قابلِ انعام کروں گا
میں ملک میں لکھ پڑھ کے بہت نام کروں گا

میں جانتا ہوں ملک کو کیا کیا ہے ضرورت
پھر کیوں نہ کروں گا میں بھلا ملک کی خدمت
مدّت سے نہیں ہند میں مقبول تجارت
کوشش میں کروں گا کہ بڑھے صنعت وحرفت
میں ملک میں لکھ پڑھ کے بہت نام کروں گا

میں جانتا ہوں رنج سے مغلوب وطن ہے
پیارا ہے بہت اور بہت خوب وطن ہے
سو جان سے میرا مجھے مرغوب وطن ہے
خادم میں بنوں گا مجھے محبوب وطن ہے
میں ملک میں لکھ پڑھ کے بہت نام کروں گا

© NCERT not to be republished

لاؤں گا بلندی پہ میں یوں اہلِ وطن کو
چھو لیں گے کبھی ہاتھوں سے سورج کی کرن کو
دوں گا میں نئے پھول ہر اک شاخِ سمن کو
فردوس بناؤں گا میں بھارت کے چمن کو
میں ملک میں لکھ پڑھ کے بہت نام کروں گا

(سیماب اکبرآبادی)

## مشق

### سوالات

1۔ شاعر ملک کی خدمت کس طرح کرنا چاہتا ہے؟

2۔ شاعر نے وطن سے محبت کا اظہار کس طرح کیا ہے؟

3۔ 'فردوس بناؤں گا میں بھارت کے چمن کو' اس بند میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

4۔ اس نظم کا مرکزی خیال کیا ہے؟

© NCERT not to be republished